## جرائم پیشہ دہشت گردوں کی فائرنگ سے ایم کیو ایم لیاری سیکٹر کے کارکن عمران کی شہادت پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔13، مارچ 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے جرائم پیشہ دہشت گردوں کے ہاتھوں ایم کیو ایم لیاری سیکٹر کے کارکن عمران کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے ۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے شہید کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں ۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے ۔( آمین )

## ایم کیو ایم لیاری سیکٹر کے کارکن عمران شہید کی گینگ وار کے دہشت گردوں کی فائرنگ سے بہیمانہ قتل کا سختی سے نوٹس لیا جائے، رابطہ کمیٹی

## گینگ وار کے دہشت گردوں نے اپنی کارروائیوں کے ذریعے شہر کو یرغمال بنا رکھا ہے، تاجروں، صنعتکاروں، فنکاروں ،دکانداروں سمیت زندگی کا کوئی شعبہ ان کی دہشت گردی سے محفوظ نہیں ہے

## پولیس کی گینگ وار کے دہشت گردوں کی مسلح کارروائیوں پر خاموشی مجرمانہ فعل ہے اور عوام کو دہشت گردوں کے رحم وکرم پر چھوڑنے کے مترادف ہے

## گینگ وار کے دہشت گردوں کی سرپرستی کرکے انہیں قتل وغارتگری کا کھلا لائسنس دیدیا گیا ہے، شہر کے گزشتہ تین چار دنوں سے خراب حالات اور یہاں ہونے والی قتل وغارتگری اسی کا نتیجہ ہے

کراچی۔۔۔13، مارچ 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے گینگ وار کے مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے ایم کیو ایم لیاری سیکٹر یونٹ 29 کے کارکن عمران کے بہیمانہ قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ گینگ وار کے دہشت گردوں کی شہر میں سرپرستی اور قتل وغارتگری کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور مسلح دہشت گردوں کے خلاف سخت ترین اور عملی کارروائی عمل میں لائی جائے ۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ گینگ وار کے دہشت گردوں نے اپنی کارروائیوں کے ذریعے شہر کو یرغمال بنا رکھا ہے، تاجروں، صنعتکاروں، دکانداروں سمیت زندگی کا کوئی طبقہ ایسا نہیں ہے جو ان کی غنڈہ گردی اور قتل وغارتگری کی کارروائیوں سے محفوظ ہو۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ گزشتہ روز بھی ایم کیو ایم رنچھوڑ لائن سیکٹر کے کارکن کو گینگ وار کے دہشت گردوں نے اس وقت فائرنگ کرکے بیدردی سے قتل کردیا جب وہ اپنے پان کے کیبن پر بیٹھے ہوئے تھے جبکہ اسی طرح گزشتہ دنوں گینگ وار کے مسلح دہشت گردوں نے سرکاری سرپرستی میں صوبہ سندھ اور اس کے دارالخلافہ کراچی میں معصوم شہریوں کو اندھا دھند فائرنگ کا نشانہ بنایا اور انہیں شہید وزخمی کیا۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ایم کیو ایم کے شہر کے امن اور ملک کی سلامتی کیلئے بڑی سے بڑی قربانی دیتی آئی ہے تاہم گینگ وار کے دہشت گردوں کی جانب سے قتل وغارتگری، بھتہ خوری اور دیگر جرائم کی وارداتوں پر پولیس کی جانب سے خاموشی مجرمانہ فعل ہے اور شہریوں کو گینگ وار اور پیپلز امن کمیٹی کے دہشت گردوں کے رحم وکرم پر چھوڑنے کے مترادف ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ایسا محسوس ہوتا ہے کہ گینگ وار کے دہشت گردوں کی سرپرستی کرکے انہیں قتل وغارتگری کا کھلا لائسنس دیدیا گیا ہے اور شہر کے گزشتہ تین چار دنوں سے خراب حالات اور یہاں ہونے والی قتل وغارتگری اسی کا نتیجہ ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ایم کیو ایم کسی بھی قیمت پر قتل وغارتگری کے ذریعے شہر کے امن کو داؤ پر ہرگز نہیں لگانے دے گی اور گینگ وار کے دہشت گردوں کے خلاف شہر کے عوام اور ہر شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کی آواز سے آواز ملا کر چلے گی اور اس پر کسی قسم کا کوئی سمجھوتہ نہیں کریگی۔ رابطہ کمیٹی کے کارکنان وعوام سے اپیل کی کہ وہ قتل وغارتگری کی وارداتوں پر صبر کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑیں اور اپنے درمیان اتحاد واتفاق کی فضا برقرار رکھ کر ماضی کی طرح شہر، ملک اور اسکے عوام کے خلاف کی جانے ولی گھناؤنی سازشوں کو ناکام بنادیں ۔رابطہ کمیٹی نے گینگ وار کے دہشت گردوں کی فائرنگ سے ایم کیو ایم لیاری سیکٹر کے کارکن عمران شہید کے بہیمانہ قتل پر تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور دعا کی اللہ تعالیٰ شہید کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔رابطہ کمیٹی نے صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ گینگ وار کے دہشت گردوں کی فائرنگ سے دودن کے دوران ایم کیو ایم رنچھوڑ لائن سیکٹر کے کارکن خرم شہید اور آج ایم کیو ایم لیاری سیکٹر کے کارکن عمران کے بہیمانہ قتل کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے، اس میں ملوث دہشت گردوں اور ان کے سرپرستوں کو فی الفور گرفتار کیا جائے، گینگ وار کے دہشت گردوں کی سرپرستی کا سلسلہ فی الفور بند کرایا جائے۔

## گینگ وار کے دہشت گردوں کی فائرنگ سے شہید ہونیوالے ایم کیوایم کے کارکن عمران کومیوہ شاہ کے قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا

## نماز جنازہ اور تدفین میں رابطہ کمیٹی، تنظیمی کمیٹی، حق پرست ارکان اسمبلی اور کارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت

کراچی۔۔۔13، مارچ 2011ء

اتوار کے روز گینگ وار کے دہشت گردوں کی فائرنگ سے شہید ہونے والے ایم کیوایم لیاری سیکٹر کے کارکن عمران شہید کو آہوں اور سسکیوں کے درمیان میوہ شاہ کے قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔شہید کا جنازہ ایم کیوایم کے پرچم میں لپٹا ہوا تھا اوران کی نماز جنازہ مقامی مسجد میں ادا کی گئی۔نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن رضا ہارون، ایم کیوایم کراچی تنظیمی کمیٹی کے انچارج حماد صدیقی واراکین،حق پرست ارکان اسمبلی، ایم کیوایم لیاری سیکٹر کمیٹی کے ارکان، یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور شہید کے عزیز واقارب نے شرکت کی۔

☆☆☆☆☆